# سندھ ایکٹ نمبر XVI مجریہ۲۰۱۵
# SINDH ACT NO.XVI OF 2015
# سندھ معذور افراد کی (ملازمت، بحالی اور فلاح و بہبود) ایکٹ، ۲۰۱۴
# THE SINDH DIFFERENTLY ABLE PERSONS (EMPOLYMENT, REBABILITATION AND WELFARE) ACT, 2014
# (CONTENTS) فہرست


تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title, extent and commencement
۲۔ تعریف
Definitions
۳۔ کائونسل کا قیام
Establishment of Council
۴۔ کائونسل کے کام
Functions of the Council
۵۔ کائونسل کی میٹنگز
Meetings of the council
۶۔ سیکریٹریز کی ذمے داریاں
Duties of Secretary
۷۔ کمیٹی کی مقرری
Appointment of Committee
۸۔ اسٹبلشمنٹ معذور افراد کو روزگاردینا
Establishment to employ differently able persons
۹۔ اسٹبلشمنٹ فنڈ کی ادائیگی کریگی
Establishment to pay the fund
۱۰۔ معذور افراد کی رجسٹریشن
Registration of differently able persons
۱۱۔ تربیتی مراکز کا قیام
Establishment of Training Centers

۱۲۔ اسٹبلشمنٹ معلومات فراہم کریگی
Establishments to furnish information
۱۳۔ مزید ملازمت پر پابندی کا اختیار
Power to debar further employment
۱۴۔ اپیل
Appeal
۱۵۔ فنڈ
Fund
۱۶۔ چھوٹ دینے کا اختیار
Power to exempt
۱۷۔ اختیارات کی منتقلی
Delegation of powers
۱۸۔ جرمانہ
Penalty
۱۹۔ جرائم کا ازالہ
Cognizance of offences
۲۰۔قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

# سندھ ایکٹ نمبر XVI مجریہ ۲۰۱۵
# SINDH ACT NO.XVI OF 2015
## سندھ معذور افراد کی (ملازمت، بحالی اور فلاح و بہبود) ایکٹ، ۲۰۱۴
## THE SINDH DIFFERENTLY ABLE PERSONS (EMPOLYMENT, REBABILITATION AND WELFARE) ACT, 2014

[۱۸ مارچ ۲۰۱۵]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کے ذریعے معذور افراد کےروزگار، بحالی اور فلاح و بہبود کے انتظام کیئے جائینگے۔

جیسا کہ معذور افراد کے روزگار، بحالی اور فلاح و بہبود کے انتظام کرنے اور اس سے منسلک معاملات کے لیئے اقدام اٹھانا ضروری ہوگیا ہے؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title, extent and commencement

1(1) اس ایکٹ کو سندھ معذور افراد کی (ملازمت، بحالی اور فلاح و بہبود) ایکٹ، ۲۰۱۴ کہا جائے گا۔

(۲)اس کی پورے سندھ تک توسیع کی جائیگی۔

(۳) یہ فی الفور لاگو ہوگا۔

تعریف
Definitions

۲.(1)اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) ’’چیئرمین‘‘ سے مراد کائونسل کا چیئرمین؛

(b) ’’کمرشل اسٹبلشمنٹ‘‘ اور ’’انڈسٹریل اسٹبلشمنٹ‘‘یہاں وہی معنی حاصل ہوگی جو اسے مغربی پاکستان انڈسٹریل اور کمرشل ایمپلائمنٹ اسے (اٹینڈنگ آرڈر) ، ۱۹٦۸ (۱۹٦۸ مغربی پاکستان آرڈیننس VI) میں ہے؛

(c)’’کائونسل‘‘ سے مراد ہے دفعہ ۳ کے تحت قائم کردہ کائونسل؛

(d)’’معذور افراد‘‘سے مراد ہے ایک شخص جو زخمی ہونے، بیماری یا قدرتی غلطی کے باعث ، کوئی نابینا،

بہرہ، طبی یا ذہنی معذوری کے سبب، زندگی کے گذرسفر کے لیئے کوئی منافع بخش پیشہ یا ملازمت میں مشکلات کا شکار ہو؛

(e)"بیماری" جس میں شامل ہے طبی یا ذہنی حالت جو کسی حصے کے غیرمثبت ترقی کے تحت ہو رہی ہو؛

(f)"ملازم"سے مراد مستقل یا کل وقتی ملازم چاہے وہ دن، ہفتہ وار یا ماہوار بنیادوں پر ملازمت پر رکھا گیا ہو اور جس میں شامل ہے تربیت حاصل کردہ؛

(g) "اسٹبلشمنٹ" سے مراد ایک سرکاری اسٹبلشمنٹ، کمرشل اسٹبلشمنٹ یا انڈسٹریل جس میں ایک سال کی مدت کے دوراں ملازمت پر رکھے گئے مزدورں کی تعداد ایک سو سے کم نہ ہو ؛

(h) "فنڈ "سے مراد دفعہ ۱۵ کے تحت قائم شدہ فنڈ؛

(i) "حکومت"سے مراد سندھ حکومت؛

(j) "گورنمنٹ اسٹبلشمنٹ"جس میں شامل ہے کوئی خودمختاری یا نیم خودمختاری باڈی، یونیورسٹی، کالج ، پروفیشنل اسکول اور تنظیم ؛

(k) "بیان کردہ"سے مراد ہے اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد کے مطابق بیان کردہ؛

(l)"سیکریٹری" سے مراد ہے کائونسل کا سیکریٹری؛

کائونسل کا قیام
Establishment of Council

۳. حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے کائونسل قائم کریگی، جس کو معذور افراد کے لیئے کائونسل کہا جائیگا، جو مندرجہ ذیل میمبرز پر مشتمل ہوگی، یعنی:

| | |
|---|---|
| (a) سیکریٹری، سوشل ویلیفئر ڈپارٹمنٹ | چیئرمین |
| (b) سیکریٹری، لیبر ڈپارٹمنٹ | ممبر |
| (c) سیکریٹری، اسپیشل ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ | ممبر |
| (d) سیکریٹری، ریہبیلیشن ڈپارٹمنٹ | ممبر |
| (e)پلاننگ اینڈ ڈولپمنٹ ڈپارٹمنٹ کا ایک نمائندہ، جو ایڈیشنل سیکریٹری کے عہدے سے کم نہ ہو | ممبر |
| (f)ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کا ایک نمائندہ، جو ایڈیشنل سیکریٹری کے عہدے | ممبر |

کائونسل کے کام
Functions of the Council

| | |
|---|---|
| سے کم نہ ہو | |
| (g) اوقاف، مذہبی معاملات، زکوات اور عشر محکمہ کا ایک نمائندہ، جوایڈیشنل سیکریٹری کے عہدے سے کم نہ ہو | ممبر |
| (h)وومین ڈولپمنٹ ڈپارٹمنٹ کا ایک نمائندہ، جو ایڈیشنل سیکریٹری کے عہدے سے کم نہ ہو | ممبر |
| (i) مینجنگ ڈائریکٹر سندھ ٹیکنیکل ایجوکیشنل اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (اسٹیوٹا) | ممبر |
| (j) مینجنگ ڈائریکٹر، سندھ بیت المال | ممبر |
| (k) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا ایک نمائندہ | ممبر |
| (l) رجسٹرڈ ٹریڈ یونینز کا ایک نمائندہ لیبر ڈپارٹمنٹ کے طرف سے نامز د کیا جائے گا | ممبر |
| (m) حکومت معذور افراد کی فلاح و بہبود کے لیئے کوشان افراد میں چار افراد نامزد کرے گی | ممبر |
| (n)کائونسل کا سیکریٹری | ممبر/سیکریٹری |
| (o) صوبائی اسمبلی کے دو ممبر (ایک عورت ممبر اور ایک مرد ممبر) صوبائی اسمبلی کے اسپیکر کے جانب سے نامزد کیا جائیگا۔ | ممبر |

۴.حکومت کے طرف جانب سے دیئے گئے ہدایات کے مطابق، کائونسل:

(a) معذور افراد کے لیئے روزگار، بحالی اور فلاح و بہبود کے لیئے حکومت کے جانب سے بنائی گئی پالیسی پر عمل کرنے؛

کائونسل کی میٹنگز
Meetings of the council

(b)معذور افراد کے لیئے مثبت پروجیکٹس پر کام کرنا؛

(c) کائونسل کے پروجیکٹس پر عملدرآمد کرنے کے لیئے ایمپلائمینٹ ایکسچینج یا دوسری کسی باڈی کی

ہدایات جاری کرنا؛
(d)معذور افراد کی فعال معذوری کی حد تک اسٹاک رکھنا؛
(e) اپنی پالیسوں پر عملدرآمد کا تخمینہ لگانا، تشخیص کرنااور کوآرڈینیٹ کرنا؛

سیکریٹریز کی ذمے داریاں
Duties of Secretary

(f)اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے تمام ذمے داریاں لینا؛
(g) معذور افراد کا سروے کرانا جو بحالی کے خواہشمند ہو؛
(h) معذور افراد کا طبی معائنہ کرانا اور علاج فراہم کرنا؛

کمیٹی کی مقرری
Appointment of Committee

(i) معذور افراد کو تربیت فراہم کرنا؛
(j) اس ایکٹ کی گنجائشوں کی تعمیل کا اندازہ لگانے کے لیئے اسٹبلشمنٹس سے معلومات جمع کرنا؛

اسٹبلشمنٹ معذور افراد کو روزگاردینا
Establishment to employ differently able persons

(k) مندرجہ ذیل کام کےسلسلے میں معذوروں کو سہولت فراہم کرنا:
(a) سرکاری تعلیمی اداروں میں داخلہ فیس میں مکمل رعایت اور ٹیوشن فی میں پچھتر فیصد رعایت؛
(b) تعلیم کے درجے پر تعلیم کے لیئے مخصوص نشستیں رکھنا؛
(c)حکومت اور مکانی حکومت کی انتظامی ضابطے کے ماتحت ہسپتالوں اور ڈسپینسریز میں ہیلتھ انشورنس اور مفت علاج فراہم کرنا؛

اسٹبلشمنٹ فنڈ کی ادائیگی کریگی
Establishment to pay the fund

(d)ماہوار بنیادوں پر ضرورتمند معذور افراد کو سوشل سیکیورٹی گرانٹ اور اس کے بچوں کی شادی کے لیئے گرانٹ، جیسے بیان کیا گیا ہو؛
(e)چھوٹے کاروبار شروع کرنے کے لیئے ضرورتمند معذور افراد کو بغیر سود قرض فراہم کرنا، جیسے بیان کیا گیا ہے؛

معذور افراد کی رجسٹریشن
Registration of differently able persons

(f) آنکھوں سے معذور، بہرے اور طبی طور پریشانیوں کا شکار افراد کو ایڈاپٹو سوفٹ وئیر اور ہارڈ وئیر کی مدد سے انفارمیشن ٹیکنالاجی کی معلومات فراہم کرنا؛
(g)انکریمنٹ ہائوسنگ کے لیئے حکومت کے جانب سے الاٹ کردہ زمین پر پلاٹس کی قیمت میں رعایت؛

(l)اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے دوسرے ضروری اقدام لینا؛

۵.(1)کائونسل کی میٹنگس ایسے اوقات پر اور ایسی جگہوں پر بلائی جائیں گی جیسے چیئرمین ہدایات کرے اور چیئرمین کے جانب سے صدارت کی جائیگی۔

(۲) کائونسل کی میٹنگ ایسے طریقے کار کے تحت بلائی جائیگی جیسے بیان کیا جائے اور جب تک ایسا طریقے کار بیان کیا جائے گا، جیسے چیئرمین ہدایت کرے۔

(۳) چیئرمین کے اختیار اور کام، اس کی غیر موجودگی میں، کائونسل کے ایسے ممبر کے جانب سے استعمال کیئے جائینگے، جو چیئرمین کے جانب سے مقرر کیا گیا ہو۔

(۴)کائونسل کی میٹنگ بلانے کے لیئے کورم پانچ ممبر پر مشتمل ہوگا۔

(۵)کائونسل کے تمام احکام اور فیصلے چیئرمین یا اس کے جانب سے بااختیار بنائے گئے شخص کی دستخط سے تصدیق شدہ ہونگے۔

تربیتی مراکز کا قیام
Establishment of Training Centers

۶.سیکریٹری ایسے اختیار استعمال کریگا اور ایسے کام سرانجام دے گاجو چیئرمین کے جانب سے دیئے گئے ہو۔

اسٹبلشمنٹ معلومات فراہم کریگی
Establishments to furnish information

۷.کائونسل اپنے ممبرز پر مشتمل ایسی کمیٹیاں مقرر کر سکتی ہے، جو وہ مناسب سمجھے اور اس کو کوئی معاملات غور کرنے اور رپورٹ دینے کے لیئے بھیج سکے؛

مزید ملازمت پر پابندی کا اختیار
Power to debar further employment

بشرطیکہ کائونسل اگر وہ ضروری سمجھے، کمیٹی میں کوئی شخص شامل کر سکتی ہے۔

۸.(1) اسٹبلشمنٹ کے جانب سے رکھے گئے تمام افراد میں سے کم سے کم دو فیصد معذور ہونے چاہیے، جن کے نام ایمپلائمنٹ ایکسچینج یا علائقے کی ڈسٹرکٹ آفیسر سوشل ویلفیئر سے رجسٹرڈ ہو، جس میں ایسی اسٹبلشمنٹ واقع ہے اور جس کے نام رجسٹر میں دفعہ ۱۰ کے تحت رکھے جائینگے، جس کے مطابق

اپیل
Appeal

انڈورسمینٹ کی جائیگی کہ وہ کام کے لیئے مثبت ہے۔
(۲) کسی مقصد کے لیئے ذیلی دفعہ (1) کے تحت ملازمت پر رکھے گئے معذور افراد کو ایسے شرائط اور ضوابط دیئے جائینگے جو ایک جیسے عہدوں پر ملازمت پر اسٹبلشمنٹ کے جانب سے رکھے گئے دوسرے افراد کو دیئے گئےہو۔
(۳) اسٹبلشمنٹ میں معذور افراد کے عہدوں کا فیصد گننے کے لیئے 0.5 اور اوپر کی نسبت تمام عددکو گنا جائے گا۔

فنڈ
Fund

۹. اسٹبلشمنٹ جو دفعہ ۸ کے تحت مطلوبہ معذور افراد ملازمت پر نہ رکھے ، وہ فنڈ میں رقم ہر ماہ رکھے گی جو معذور افراد ملازمت پر رکھنے کی صورت میں تنخواہ یا اجرت کی مد میں دی جانی چاہیے۔

۱۰.(1) وہ معذور شخص جو ملازمت یا دوسری صورت میں بحالی کا خواہشمند ہو، اس کا نام ایمپلائمنٹ ایکسچینج یا ڈسٹرکٹ افسر سوشل ویلیفئر کے جانب سے بنائے گئے رجسٹر میں رجسٹرڈ ہونا چاہیے، ایسے طریقے اور اس طرح جیسے حکومت کی جانب سے بیان کیا گیا ہو۔ ایمپلائمنٹ ایکسچینج یا ڈسٹرکٹ افسر سوشل ویلیفئر اس طرح رجسٹر شدہ تمام نام کائونسل کو بھیجے گا۔
(۲) کائونسل، اگر ضروری سمجھے ذیلی دفعہ (1) کے تحت رجسٹر شدہ ہر معذور افراد کو ان کی حقیقی معذوری کا قسم جاننے کے لیئے اور اس کے کام کرنے کی صلاحیت اور طریقہ معلوم کرنے کے لیئے، جس کے لیئے وہ مثبت ہے، اس سلسلے میں اس کے جانب سے بااختیار بنائے گئے میڈیکل افسر یا بورڈ حوالے کردے جو کم سے کم ایک میڈیکل افسر پر مشتمل ہو یا جیسے معاملہ ہو، بورڈ کے حوالے کر سکتی ہے کہ وہ اس کی رپورٹ کائونسل کو دے ، ایسے طریقے جیسے حکومت کی جانب سے بیان کیا گیا ہو۔
(۳) اگر معذور افراد کو کائونسل کی طرف سے کام کرنے کے لیئے موزوں گنوایا گیا ہو تو وہ ایمپلائمنٹ ایکسچینج اور ڈسٹرکٹ آفیسر سوشل ویلفیئر کو اطلاع

چھوٹ دینے کا اختیار
Power to exempt

اختیارات کی منتقلی
Delegation of powers

جرمانہ
Penalty

جرائم کا ازالہ
Cognizance of offences

قواعد بنانے کا

اختیار
Power to make rules

کریگی اور کام کی نوعیت کے بارے میں جس کی تربیت دی جا سکے اور انڈورسمینٹ جو اس سلسلے میں اسکے نام سے رجسٹر میں کی جائے گی۔
(۴) جو معذور افراد کائونسل کے جانب سے کام کرنے کے لیئے موزوں نہیں سمجھے جائیں گے۔ کائونسل ایمپلائمنٹ ایکسچینج یا ڈسٹرکٹ افسر سوشل ویلفیئر کو اس سلسلے میں اطلاع کریگی کہ رجسٹر میں اس کے نام پر انڈورسمنٹ کر سکتی ہے اور کائونسل اس کی بحالی کے لیئے ایسے اقدام اٹھا سکتی ہیں جو وہ مناسب سمجھے۔
(۵) اگر کسی شخص کو کائونسل کے جانب سے معذور نہیں بیان کیا گیا تو اس کا نام رجسٹر سے خارج کیا جائے گا۔
11.کائونسل معذور افراد کے لیئے ایسی تجارت اور ووکیشنز میں تربیت کا انتظام کریگی، جیسے وہ مثبت سمجھے اور ایسی تجارت اور ووکیشنز میں تربیتی مرکز قائم کریگی، ایسے طریقے جسے حکومت کے جانب سے طئے کیا گیا ہو۔

۱۲.ہر اسٹبلشمنٹ ایسا شخص یا اتھارٹی کو اس ایکٹ کی گنجائشوں پر عملدرآمد کرنے کے لیئے ایسی مطلوبہ معلومات ایسے طریقے اور اس طرح فراہم کی جائیگی جسے کائونسل سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن ذریعے ظاہر کیا جائے۔

۱۳.(1)کائونسل مزید ملازمت یا تربیت سے ایسی مدت کے لیئے پابندی عائد کر سکتی ہے، جیسے ان کے طرف سے بیان کیا گیا ہو، کسی معذور شخص پر جو بغیر موثر اسباب کے قبول کرنے سے انکار کرے یا اپنی ملازمت یا تربیت پر اس ایکٹ کے تحت پابندی لگائے یا دوسری صورت میں ایسا کوئی اقدام اٹھائے جو تجارت یا شعبے کے مفادات کے خلاف ہو، جس میں وہ ملازمت کر رہا ہے یا زیر تربیت ہو۔
(۲) کسی بھی معذور شخص پر ذیلی دفعہ (1) کے تحت

پابندی عائد نہیں کی جائے، جب تک اس کو ایک دفعہ سننے کا موقعہ فراہم نہیں کیا جائے۔

۱۴.(1) اگر کوئی شخص جو دفعہ ۱۳ کےتحت حکم سے متاثر ہوا ہو تو وہ اس کی حکم کی تاریخ کے ۳۰ دن کے اندر اپیل کر سکتا ہے۔

(۲)کائونسل کیس کا رکارڈ طلب کر سکتی ہے اور فریقین کو سننے کا موقعہ دینا یا ایسی مزید جانچ کرنے کے بعد، جیسے وہ مناسب سمجھے ایسے احکام جاری کر سکتی ہے جیسے وہ مناسب سمجھے ۔

۱۵.(1)حکومت کے جانب سے ایک فنڈ قائم کیا جائیگا، جس کو معذور افراد کی بحالی کا فنڈ کہا جائے گا، جو مشتمل ہوگا:

(۹)دفعہ ۹ کے تحت اسٹبلشمنٹ کے جانب سے ادا کی گئی تمام رقومات؛

(b) وفاقی حکومت، صوبائی حکومت یا لوکل باڈیز کے جانب سے تمام گرانٹس؛ اور

(c) چندے، اگر کسی نجی افراد کے جانب سے دیئے گئے ہو۔

(۲)فنڈ کا انتظام کائونسل کے جانب سے کیا جائیگا، جس طرح وہ ضروری سمجھے۔

(۳) فنڈ استعمال کیا جائے گا:

(a)معذور افراد کے لیئے تربیتی مراکز کے قیام کے لیئے؛

(b)معذور افراد کی مالی مدد کے لیئے جو ملازمت کرنے کے لائق نہیں ہے؛

(c)تربیت یا تعلیم حاصل کرنے کے لیئے معذور افراد میں وظائف اور اسکالرشپ کی تقسیم کے لیئے؛

(d) معذور افراد کی فلاح کے لیئے؛ اور

(e) معذور افراد کے لیئے مصنوعی اعضاء، سرجیکل تھراپی اور طبی علاج فراہم کرنے کے لیئے؛

۱۶. حکومت سرکاری، گزیٹ میں نوٹی فکیشن ذریعے کسی اسٹبلشمنٹ یا اسٹبلشمنٹس کے درجے کو اس ایکٹ کی گنجائش کے تحت تمام آپریشنز یا کسی ایک سے چھوٹ دی سکتی ہے۔

۱۷.کائونسل اس ایکٹ کے تحت اپنے تمام یا کوئی ایک

اختیار اپنے کسی ممبر کو دے سکتی ہے، ایسے شرائط کے تحت جیسے وہ طئے کرے۔

۱۸. کوئی اسٹبلشمنٹ جو دفعہ ۹ کے تحت مطلوبہ کوئی رقم فنڈ میں ادا کرنے میں ناکام ہو جاتی ہے وہ جرمانے کے لائق ہوگی وہ ایک سو ہزار روپے تک بڑھ سکتی ہے اور جرمانہ نہ ادا کرنے کی صورت میں اضافہ جرمانہ جو ادائیگی نہیں کرنے کے وقت ہر روز پانچ ہزار روپے تک بڑھ سکتا ہے۔

۱۹.(1) مجسٹریٹ آف فرسٹ کلاس سے کم کوئی بھی عدالت اس ایکٹ کے تحت سزا کے قابل جرم پر شنوائی نہیں کر سکتا ہے۔

(۲) مجسٹریٹ آف فرسٹ کلاس اس ایکٹ کے تحت قابل سزا جرم کا ازالہ کرے گا، معذور افراد کے جانب سے تحریری درخواست کرنے پر، یا کائونسل کی اتھارٹی کے تحت۔

۲۰.حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

**نوٹ:۔ ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**